Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ ۔ عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

رجسٹرڈ نمبر ۵۲۵۴

روزنامہ الفضل ربوہ

فروری ۴۹ء

پیوجسٹر

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

The Daily ALFAZL RABWAH

قیمت فی پرچہ ۴۵ پیسے

جلد ۶۸/۳۳ | ۷ صفر ۱۴۰۰ھ ، ۲۷ فتح ۱۳۵۸ھش ، ۲۷ دسمبر ۱۹۷۹ء | نمبر ۲۹۴

پُرسوز دعاؤں اور انابتِ الی اللہ کے ماحول میں جماعت احمدیہ کا ۸۷ واں جلسہ سالانہ شروع ہو گیا

جلسہ سالانہ میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ کا روح پرور افتتاحی خطاب

"نوعِ انسانی کو امتِ واحدہ بنانے کا زمانہ آچکا ہے"

"نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئی کے مطابق نوعِ انسان میں انقلابِ عظیم کی بنیاد پڑ چکی ہے"

"ہم نے اپنے خدا سے عہد کیا ہے کہ ہم اس کے لئے اُسکے بندوں کے دل جیتیں گے"

ربوہ ۲۶ فتح (دسمبر) امام جماعت احمدیہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے آج صبح یہاں جماعت احمدیہ کے ۸۷ ویں جلسہ سالانہ کا افتتاح کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ نوعِ انسان کی زندگی میں ایک عجیب انقلابِ عظیم بپا ہو چکا ہے اور اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو جو بشارت دی تھی کہ تیرے ذریعے سے نوعِ انسانی کو اُمتِ واحدہ بنا دیا جائے گا وہ زمانہ آچکا ہے۔ حضور نے فرمایا کہ ہم نے خدا تعالیٰ سے یہ عہد کیا ہے کہ ہم اس کے لئے اسکے بندوں کے دل جیتیں گے اور ہم خدا تعالیٰ کے فضل اور اس کی دی ہوئی توفیق سے ایک دن اس میں ضرور کامیاب ہوں گے انشاء اللہ

حضور نے فرمایا کہ ایک بین الاقوامی برادری کے قیام کی ابتداء ہو چکی ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو یہ پیشگوئی کی تھی کہ آخری وقت میں نوعِ انسانی کو اُمتِ واحدہ بنا دیا جائے گا۔ اس کے چھوٹے چھوٹے نظارے نظر آنے شروع ہو گئے ہیں اور اس عظیم پیشگوئی کے یہ تمام و کمال پورا ہونے کی بنیاد رکھ دی گئی ہے۔ حضور نے فرمایا کہ ہمارے اس جلسہ سالانہ میں یقیناً کوئی بنی نوع انسان ایسا نہیں جس کے احمدی یہاں نہ ہوں۔ جو کہ خدا کے عرفان سے مزید روشنی حاصل کرنے، خدا کی محبت کی آگ میں اور محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے عشق میں سرشار ہونے اور آپ کی محبت کی مستی میں مزید تیزی پیدا کرنے جمع نہ ہوئے ہوں۔ حضور نے اپنے پُر اثر خطاب میں فرمایا کہ اب کالے گورے اور مشرق و مغرب میں کوئی دُوری نہیں رہی کوئی نفرت یا حقارت نہیں رہی۔ ہر شخص دوسرے سے پیار اور محبت کرنیوالا ہے، دوسرے کی عزت کرنے والا ہے اور ایک دوسرے کی خاطر قربانیاں دینے والا ہے۔ حضور نے فرمایا کہ ہر عظیم انقلاب کی ابتداء معمولی ہوتی ہے مگر جس انقلاب عظیم کی خبر محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے دی ہے جب سے انسان پیدا ہوا ہے اتنا بڑا انقلاب انسانی تاریخ میں پیدا نہیں ہوا۔

حضور ایدہ اللہ نے اس ضمن میں احباب جماعت کو ان کی ذمہ داریوں کی طرف متوجہ کرتے ہوئے کہا کہ اب یہ میرا اور آپ کا فرض ہے کہ اس زمانے کی ضرورت کو پہچانیں

حضور نے فرمایا کہ ہمیں دنیا کے دلوں کو بدلنا ہے۔ دنیا خدا کو نہیں پہچانتی اور جو لوگ خدا کی راہ میں اِبا و استکبار سے کام لیتے ہیں ان کے دلوں کو بھی جیتنا ہے اور ان کو محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے تلے لا کر خدا کی وحدانیت پر جمع کرنا ہے۔

بہت بڑی ذمہ داری

حضور نے فرمایا کہ یہ بہت بڑی ذمہ داری ہے۔ میں تو جب سوچتا ہوں لرز جاتا ہوں۔ کوئی بات سمجھ میں نہیں آتی سوائے اسکے کہ خدا تعالیٰ مجھے یہ کہتا ہے کہ تمہارے پاس صرف ایک ذرہ ہے اس کو خدا کی راہ میں پیش کر دو باقی تمہارے سارے کام میں کر دوں گا۔ حضور نے اس ضمن میں جلسہ سالانہ کے اغراض و مقاصد کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ ہم اس مقصد کیلئے یہاں جمع ہوئے ہیں کہ ایسی باتیں سُننے کیلئے اور اپنی ہمتوں کے بلند کرنے کیلئے جو تقاریر ہوں ان کو غور سے سُنیں اور اپنی استعداد کے مطابق زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں اور ایک عزم کے ساتھ اُٹھیں کہ اے خدا ہم ذلیل سہی، دھتکارے ہوئے سہی، ہماری جیبیں خالی سہی، یہ درست ہے، مگر ہم ہیں تیرے عاشق۔ حضور نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ کہتا ہے کہ اگر تم خود میرے حضور میں عاجزانہ دو فٹ اس زمین سے اُٹھو گے تو میرے فرشتے تمہیں وہاں سے اُٹھا کر ساتویں آسمان پر لے جائیں گے۔ حضور نے فرمایا کہ یہ بات میں نہیں کہہ رہا یہ تو وہ بات ہے جس کی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بشارت دی ہے۔ میں تو صرف اپنے پیارے، اپنے محبوب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بات دوہرا رہا ہوں۔

حضور نے جلسہ سالانہ کی اغراض کی مزید وضاحت کرتے ہوئے فرمایا کہ اس جلسے کی بنیاد رکھتے وقت حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا تھا کہ دوست ایک جگہ مرکز میں جمع ہو کر خدا تعالیٰ کی باتیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات سُنیں، اُنکے ایمانوں میں تازگی پیدا ہو، تعلق باللہ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے جو محبت اور پیار کا تعلق ہے اس میں زیادتی پیدا ہو۔

حضور نے فرمایا کہ اس جلسے کی ساری اغراض دینی ہیں، دنیا کی ذرہ بھر بھی ملونی اس جلسہ میں نہیں۔

حضور ایدہ اللہ نے اس جلسہ میں شامل ہونے والے احباب کو دعائیں دیتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ ہم دعاؤں سے ہی اس بات کو شروع کرتے ہیں، دعا میں ہی اس جلسہ کو گزارتے ہیں اور دعا پر ہی اس کا اختتام کرتے ہیں۔ حضور نے فرمایا کہ سب سے اہم

اخبارِ احمدیہ

ربوہ ۲۴ فتح / دسمبر۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق محترم صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب کی مرسلہ آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ:۔

طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ الحمد للہ

احبابِ جماعت بالالتزام دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضور کو اپنی حفظ و امان میں رکھے، اور اپنی تائید و نصرت سے نوازتا رہے۔ آمین

محترم صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب تحریر فرماتے ہیں:۔

"حضرت سیدہ منصورہ بیگم صاحبہ مدظلہا حرم محترم سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے پہلے سے اچھی ہے۔

احبابِ جماعت دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضرت سیدہ مدظلہا کو صحتِ کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔

حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔

احبابِ جماعت دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضرت سیدہ مدظلہا کو صحت و سلامتی سے رکھے اور آپ کا بابرکت سایہ تادیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے۔ آمین

پبلشر: مسعود احمد ؛ پرنٹر: سید عبدالحی ؛ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ ؛ مقامِ اشاعت: دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ

دعا یہ ہے کہ ہم نوعِ انسانی کے لئے دعا کریں۔ انسان اپنے پیدا کرنے والے ربّ کریم کی راہ سے بھٹک گیا ہے۔ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ افریقہ میں رہنے والوں، شمالی جنوبی امریکہ میں رہنے والوں، جزائر کے رہنے والوں، یورپ کے رہنے والوں سب کو اپنی ہدایت کی طرف رہنمائی دے اور ان کو اس راستے پر چلنے کی توفیق دے جو تیری رضا کی طرف لے جانے والے راستے ہوں اور نوعِ انسانی کو اُمّت واحدہ بنانے والی بشارت جلد تر پوری ہو۔

حضور نے فرمایا کہ اپنے پیارے ملک پاکستان کے استحکام اور اس کی مضبوطی کے لئے دعا کریں۔ خدا تعالیٰ اس ملک میں بسنے والوں کے لئے اپنی رحمتوں کے سامان پیدا کرے، ان کے اعمال کو مقبول بنائے۔ حضور نے فرمایا کہ ہمیں یہ تعلیم دی گئی ہے کہ ؎

پا کے دُکھ آرام دو

اس لئے ہمیں تو چاہیئے کہ ہم سب کے لئے ہی دعائیں کرتے رہیں۔ حضور نے احباب جماعت کو بڑی تاکید کے ساتھ تین بار ارشاد فرمایا کہ سب کے لئے ہی

دعائیں کرتے رہیں، کرتے رہیں، کرتے رہیں۔

حسنِ سلوک کرتے رہیں، کرتے رہیں، کرتے رہیں۔

حضور نے فرمایا کہ جس کو خدا نے انسان بنایا ہے اور اپنی عبادت کے لئے پیدا کیا ہے وہ اللہ کا حقیقی بندہ بنا ہے یا نہیں۔ اس سے میں یا آپ نفرت کرنیوالے کون ہوتے ہیں؟ ہمارا فرض ہے کہ ان کے لئے دن رات دعائیں کریں۔ آپ بھی یاد رکھیں اور دنیا بھی یاد رکھے کہ ہم نے خدا سے عہد کیا کہ ہم اس کے لئے اس کے بندوں کے دل جیتیں گے اور ہم اس میں یقیناً ایک دن کامیاب ہوں گے انشاء اللہ۔

بعد ازاں حضور نے دعا کروائی اور جلسہ کا باضابطہ افتتاح عمل میں آیا ؛

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جھلکیاں

- اگرچہ جلسہ کی کارروائی کے شروع ہونے کا وقت سوا نو بجے ہے مگر مگر احباب جماعت صبح آٹھ بجے سے ہی آنے شروع ہو گئے تھے اور نو بجے کے قریب قریباً سارا میدان دو درجن سے زائد گیلریاں (مچانیں) پوری طرح بھری ہوئی تھیں۔
- حضور ایدہ اللہ نو بجکر بیس منٹ پر جلسہ گاہ میں داخل ہوئے۔ حضور نے آتے ہی مائیک پر آکر السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ کہا۔ ساتھ ہی جلسہ گاہ نعروں سے گونج اٹھی۔ احباب نے نعرۂ تکبیر، اسلام زندہ باد، انسانیت زندہ باد اور حضرت خلیفۃ المسیح الثالث زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے۔
- اسٹیج کے گرد ایک احاطی اسٹیج بھی لگایا گیا تھا جہاں پر پاکستان سے باہر کے ممالک سے تشریف لانے والے احمدی نمائندگان کرسیوں پر تشریف فرما تھے۔
- تلاوتِ قرآن کریم مکرم حافظ مسعود احمد صاحب نے کی اور اس کے بعد حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا شیریں کلام خوش الحانی سے مکرم چوہدری خبیر احمد صاحب وکیل المال اوّل تحریک جدید نے پڑھ کر سنایا۔
- حضور ایدہ اللہ تشریف لانے کے بعد دس منٹ تک تشریف فرما رہے اس وقت احباب ابھی جلسہ گاہ کی طرف تشریف لا رہے تھے۔ حضور نے فرمایا "باہر سے جو دوست آرہے ہیں وہ وقار کے ساتھ لیکن سُستی کئے بغیر جلد اندر تشریف لے آئیں"۔

بعد ازاں کارروائی شروع ہونے سے قبل حضور نے مزید فرمایا۔ "جو دوست کھڑے ہیں وہ تشریف رکھیں کوئی دوست کھڑے نہ رہیں"۔ اس کے ساتھ ہی چند منٹ کے اندر اندر تمام احباب بیٹھ گئے۔ اور ۲۰-۹ پر تلاوتِ قرآن کریم شروع ہو گئی۔

- جلسہ گاہ کے وسیع و عریض میدان میں ۱۲ عدد لاؤڈ سپیکر لگائے گئے تھے جن کی آواز جلسہ گاہ سے باہر بھی بخوبی سُنی جا رہی تھی۔
- حضور ایدہ اللہ کا افتتاحی خطاب براہِ راست عورتوں کی جلسہ گاہ میں بھی ریلے کیا جا رہا تھا۔
- حضور ایدہ اللہ نے اپنے پُرمعارف خطاب کا آغاز بجکر چوالیس منٹ پر فرمایا اور سوا دس بجے ختم کیا۔
- حضور ایدہ اللہ نے اپنے خطاب کا آغاز تشہد و تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت سے کیا۔ اور اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ کی آیت تین دفعہ دوہرائی۔
- حضور ایدہ اللہ کی جلسہ گاہ میں آمد اور روانگی کے وقت سارے رستے پر احباب کی بہت بڑی تعداد حضور ایدہ اللہ کی ایک جھلک دیکھنے کے لئے منتظر تھی۔ حضور کی کار جہاں سے بھی گزرتی احباب کرام حضور کی ایک جھلک دیکھنے کے لئے ایک دوسرے پر گرے پڑتے اور ہاتھ ہلا ہلا کر السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ کہتے۔ راستے کے دونوں طرف کھڑے ہوئے خدمتِ خلق کے رضا کاروں نے جو کہ ٹریفک کنٹرول کرنے میں ہاتھ بٹا رہے تھے بڑی مشکل سے احباب کو قابو میں رکھا ؛

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت

حضور ایدہ اللہ نے آج صبح اپنے افتتاحی خطاب کا آغاز کرتے ہوئے بتایا کہ:-

"پرسوں شام میں اچانک بیمار ہو گیا۔ مغرب سے پہلے سارا جسم برف کی طرح ٹھنڈا ہو گیا۔ سر درد اور پیٹ میں شدید درد ہوا، دل کی دھڑکن تیز ہو گئی، پہلے بھی کبھی ہو جاتی ہے معدے کی سوزش کی وجہ سے۔ اور سخت ضعف کی کیفیت رہی۔ اپنی ہمت کے مطابق مقابلہ کیا بیماری کا۔ ڈاکٹروں نے اپنے علم کے مطابق دوائیں دیں۔ پہلے سے اب بہت بہتر ہوں مگر ابھی پوری طرح آرام نہیں آیا۔

اس وقت بھی ضعف محسوس کر رہا ہوں، دل کی دھڑکن بھی تیز ہے۔ لیکن خدا کے بھروسہ پر آگیا ہوں۔ اسی پر بھروسہ ہے، اسی کے آگے.... عاجزانہ جُھک کر ہم دعا کر رہے ہیں۔ آپ بھی دعائیں کریں میں بھی دعا کر رہا ہوں کہ اللہ تعالیٰ صحت دے مجھے بھی اور آپ کو بھی"۔

اپنے خطاب کے اختتام پر حضور نے پھر فرمایا:-

"اگر طبیعت ٹھیک نہ ہوئی تو میں ظہر عصر کی نمازیں پڑھانے نہ آسکوں گا۔ دعا کریں کہ جلد طبیعت ٹھیک ہو اور میں زیادہ سے زیادہ آپ میں بیٹھنے کے قابل ہو سکوں"۔

جلسہ سالانہ پر بیرونِ پاکستان سے آنے والے پاکستانی زائرین کیلئے ملاقات کا وقت

جلسہ سالانہ پر بیرونی ممالک سے تشریف لانے والے پاکستانی احباب کی اطلاع کیلئے اعلان کیا جاتا ہے کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے یہ اجازت مرحمت فرمائی ہے کہ جلسہ سالانہ پر غیر ملکی نمائندگان کی ملاقات کے معاً بعد بیرونی ممالک سے تشریف لانے والے پاکستانی احباب بھی حضور سے شرفِ ملاقات حاصل کر سکیں گے۔

(وکیل التبشیر تحریک جدید)

جلسہ سالانہ کے موقع پر عالمگیر زبانوں کا اجلاس

حسب سابق امسال بھی جلسہ سالانہ کے موقع پر بتاریخ ۲۷ دسمبر بروز جمعرات بوقت ساڑھے سات بجے شام مسجد مبارک میں عالمگیر زبانوں کا اجلاس ہوگا۔ انشاء اللہ

احباب سے درخواست ہے کہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں اس اجلاس میں شمولیت اختیار کر کے اجلاس کی رونق کو دوبالا کریں۔

(مہتمم تحریک جدید مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جلسہ سالانہ پر بیرونِ پاکستان سے آنیوالے پاکستانی زائرین کے لئے ملاقات کا وقت

جلسہ سالانہ پر بیرونی ممالک سے تشریف لانے والے پاکستانی احباب کی اطلاع کیلئے اعلان کیا جاتا ہے کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے یہ اجازت مرحمت فرمائی ہے کہ جلسہ پر غیر ملکی نمائندگان کی ملاقات کے معاً بعد بیرونی ممالک سے تشریف لانے والے پاکستانی احباب بھی حضور سے شرفِ ملاقات حاصل کر سکیں گے۔

ملاقات کا وقت ۲۹ دسمبر صبح گیارہ بجے ہے۔

وکالتِ تبشیر
تحریک جدید

اعلان نکاح

خاکسار کی ہمشیرہ نصرت اسلام ملک صاحبہ بنت مکرم ملک محمد اشرف صاحب مرحوم کا نکاح مبلغ پچیس ہزار روپے حق مہر پر مکرم برادرم سید شریف احمد صاحب (آفیسر سٹیٹ بنک آف پاکستان) ابن مکرم و محترم سید عبدالغنی صاحب ایڈووکیٹ حال لندن کے ساتھ محترم مولانا عبدالسلام صاحب طاہر مربی سلسلہ عالیہ احمدیہ کراچی نے مورخہ ۱۴ دسمبر ۷۹ء بروز جمعۃ المبارک احمدیہ ہال کراچی میں پڑھا۔

احباب جماعت خصوصاً بزرگانِ سلسلہ عالیہ احمدیہ سے رشتہ کے بابرکت ہونے کے لئے دعا کی مؤدبانہ درخواست ہے۔

(ملک پرویز احمد۔ گلشن اقبال۔ کراچی)

درخواست ہائے دعا

۱۔ میرا لڑکا عزیزم پرویز احمد مع اپنی اہلیہ کے اس وقت جرمنی میں مقیم ہے۔ کچھ عرصہ سے وہ اور اس کی بیوی بہت بیمار ہیں۔ تمام بزرگوں اور دوستوں سے درخواست ہے کہ ان کی صحتِ کاملہ کے لئے دعا فرما کر اس ناچیز کو مشکور فرمائیں۔ خدا تعالیٰ ان دونوں کو صحت کاملہ و عاجلہ عطا کرے۔ آمین

۲۔ برادرم ملک محمد احمد صاحب گنج مغلپورہ لاہور کا ایک لڑکا عزیزم طاہر شدید طور پر بیمار ہے۔ ہسپتال میں اس کے اپریشن ہو چکے ہیں۔ تمام بزرگوں اور دوستوں کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے کہ خدا تعالیٰ اس کو جلد صحت کاملہ و عاجلہ عطا کرے۔

(ملک منصور احمد گنج مغلپورہ۔ لاہور)

۳۔ گزارش ہے کہ میری امی جان بلڈ پریشر میں مبتلا ہیں اور وہ محترم صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب کے زیر علاج ہیں۔ احباب جماعت اور بزرگانِ سلسلہ کی خدمت میں دعا کی عاجزانہ درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔ آمین

فرخندہ چوہدری چک نمبر ۴۰ جنوبی
ضلع سرگودھا

ہر قسم کی عمارتی لکڑی کیلئے
اپنے معروف ادارہ
گلوب ٹمبر کارپوریشن
۲۶۔ نیو ٹمبر مارکیٹ راوی روڈ۔ لاہور پر
(گورنمنٹ کنٹریکٹر)
تشریف لائیں!
فون نمبر ۶۰۲۲۰ ۵۳۴۲۰ ؛ رہائش ۶۲۹۳۰ ؛ فیکٹری رچنا ٹاؤن :- ۷۱۰۳۶۲
احباب لکڑی کو دیمک سے محفوظ رکھنے کیلئے ہم سے رابطہ پیدا کریں!

ہر قسم کا
کاغذ، بکس بورڈ اور گتہ
بارعایت خریدنے کے لئے ہماری خدمات حاصل کریں اور دعا فرمائیں
مقبول پیپر مارٹ۔ گنپت روڈ لاہور۔ فون ۶۳۸۴۹
گھر:- ملک عبداللطیف ستکوہی۔ فون ۶۲۵۱۶

ہر قسم کی عمارتی لکڑی
دیودار، کیل، چیل، پڑتل کے لئے ہمارے ہاں رجوع فرمائیں
سٹار ٹمبر سٹور
۵۳۔ فیروزپور روڈ ــــ بالمقابل تھانہ اچھرہ ــــ لاہور
فون نمبر:- ۴۱۰۶۱۷

الفضل آپ کا واحد جماعتی روزنامہ ہے۔ اس کی اشاعت بڑھا کر اور اس میں اشتہار بھجوا کر ادارہ سے تعاون کیجئے۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء۔

(مینجر الفضل)

کار برائے فروخت
FIAT -D 1100 - انجن نیا اوور ہال شدہ قیمت نہایت موزوں، دس ہزار صرف۔
شمیم میڈیسنز ربوہ سے رابطہ قائم کریں
فون نمبر ۵۲۶-۵۲۷

ربوہ میں سکنی قطعات برائے فروخت
(۱) قطعہ نمبر ۱۷/۳ دارالصدر غربی ربوہ ۲ کنال ۱۰ مرلے ملحقہ کوٹھی چوہدری شاہنواز صاحب۔
(۲) قطعہ نمبر ۲۷/۲۴ محلہ دارالرحمت شرقی ربوہ ۱ کنال ۱۷ مرلے۔
دوران جلسہ بات چیت کیلئے پتہ
معرفت مکرم و محترم صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب
چوہدری بشیر احمد
۱۳۴ اسی۔ ماڈل ٹاؤن۔ لاہور

جلسہ سالانہ کے مبارک ایام
میں
مرکز احمدیت میں تشریف لانے والے احباب کی خدمت میں
ہم صدق دلی سے مبارکباد عرض کرتے ہیں۔
آپ کا
ان مبارک ایام میں ربوہ آنا، جلسہ کے دنوں میں یہاں قیام کرنا اور پھر بخیریت واپس جانا ہر لحاظ سے بابرکت ہو،
اور آپ ان ایام میں زیادہ سے زیادہ روحانی فوائد اٹھا سکیں
مینجر حکیم انوار احمد خان
چوک گھنٹہ گھر۔ گوجرانوالہ
فون ۷۳۹۹۷

جدید نسخہ جات کا رسالہ
CURATIVE SYSTEM OF MEDICINE
ڈاکٹر، حکیم اور ہومیوپیتھ حضرات
جلسہ سالانہ کے موقع پر
ہمارے کلینک سے حاصل کریں!
کیور ہومیڈیسن کمپنی رجسٹرڈ
(ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کمپنی رجسٹرڈ)
گولبازار ربوہ۔ فون ۶۰۷

آپ کو
جلسہ سالانہ
میں
شمولیت مبارک ہو
ایوانِ محمود کے بالکل سامنے
حضرت حکیم نظام جان صاحبؓ
کا چشمۂ فیض
مشہور دواخانہ
حسب سابق جاری رہے گا
حکیم عبدالحمید ○ مشہور دواخانہ
ربوہ
فون نمبر ۶۳۸

کراچی میں جائیداد

کی خرید و فروخت مثلاً پلاٹ، مکان، کوٹھی وغیرہ کیلئے درج ذیل پتہ پر اپنے قابل اعتماد ادارہ سے رابطہ قائم کیجئے۔

لینڈ مارکس

۱۰۳-سی، ڈیفنس سوسائیٹی کمرشل ایریا "بی"
کراچی نمبر ۴
فون ۵۴۰۸۲۴، ۵۴۰۸۲۶

ادویات پلاسٹک پیکنگ میں

ہاضمون رجسٹرڈ دواخانہ

بالمقابل ایوانِ محمود۔ گولبازار ربوہ

ھوالشافی

انفلوئنزا کیور Influenza Cure

فی ٹیوب ۵/- ، درجن ۴۵/- ، گروس ۵۰۴/-
بونس علاوہ۔ تفصیلی لٹریچر حاصل کریں!

کیور ریٹو میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ
(ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کمپنی رجسٹرڈ)
گولبازار ربوہ۔ فون ۶۰۶/۶۰۷

سونے چاندی کے زیورات

اعلیٰ اور جدید ڈیزائنوں میں بنوانے کے لئے

اور

خرید و فروخت کے لئے

نیز

الیس اللہ بکافٍ عبدہٗ کی انگوٹھیاں

دیدہ زیب ڈیزائنوں میں اور سندھی و نورتن کے خریدنے کا اعلیٰ مرکز

پاک گولڈ سمتھ

میاں عبدالمنان ناصر ولد میاں عبدالسلام صاحب
نزد جمال بیکری۔ گولبازار ربوہ
فون ۵۵۰

دفتر سے

خط و کتابت کرتے وقت اپنے چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیجئے۔

(مینیجر الفضل)

جانوروں کے اپھارہ

کا موسم شروع ہو چکا ہے شفتل اور برسیم سے ہونے والے اپھارہ سے بچاؤ اور حیوانات کی دیگر امراض کے لٹریچر کے لئے تشریف لائیں۔

کیور ریٹو میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ
(ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کمپنی رجسٹرڈ)
گولبازار ربوہ۔ فون ۶۰۶/۶۰۷

رہائشی مکان و زرعی زمین کی

خرید و فروخت

کرتے وقت ہمیشہ اپنے قابلِ اعتماد ادارہ کو یاد رکھیں۔

ایس ایس سٹیٹس
اقصیٰ روڈ۔ ربوہ
فون رہائش ۵۰۷

آپ کو معلوم ہو چکا ہے کہ

حضرت حکیم نظام جانؒ

کے دواخانہ کا نام اب

مشہور دواخانہ

ہو چکا ہے۔ خط و کتابت کے لئے اب اتنا پتہ کافی ہے

○

حکیم عبدالحمید ○ مشہور دواخانہ
چوک گھنٹہ گھر ○ گوجرانوالہ نمبر ۱۹

گوجرانوالہ فون ۷۴۸۴۴ — ربوہ فون نمبر ۶۳۸

نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے

اعلیٰ رہائشی سکیم۔ کشادہ گلیاں۔ برلبِ سڑک۔ زمینی پانی نہایت مفید۔ برف خانہ، فیکٹری ایریا کے پاس۔ چمن عباس اور مذبح خانہ ربوہ سے ملحقہ رقبہ پر پانچ مرلہ، دس مرلہ اور ایک کنال کے رہائشی پلاٹ برائے فروخت۔ خواہشمند حضرات جلد از جلد اپنا پلاٹ بیعانہ دے کر ریزرو کروالیں۔ اس کے بعد فوری رجسٹری اور باموقع قبضہ ہوگا۔

آپ کی خدمت میں کوشاں ادارہ

فضل عمر پراپرٹی ڈیلرز و برکس سپلائیرز

نزد ریلوے پھاٹک مسجد اقصیٰ روڈ ربوہ

شمیم میڈیسنز

انگریزی ادویات کا مرکز

بالمقابل فضل عمر ہسپتال ربوہ

خصوصی سہولت: رات کو دس بجے کے بعد مکان پر تشریف لائیں!

ایمبولنس کی سہولت ہے۔

منیر احمد ملک بر مکان لیڈی ڈاکٹر فہمیدہ منیر

رہائش۔ فون: ۵۲۶

سٹور۔ " : ۵۲۷

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جرمن ★ امریکن ★ اور پاکستانی

ہومیو پیتھک و بایوکیمک

ادویات کھلی یا سیلڈ بند کی خرید و مشورہ کیلئے تشریف لائیں

شفا ہومیو پیتھک سٹورز اینڈ ہسپتال رحمت بازار ربوہ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴

ربوہ اور بیرون ربوہ میں سکنی اور زرعی جائیداد کی خرید و فروخت کا سب سے پہلا اور قابلِ اعتماد ادارہ

احمد اسٹیٹس رجسٹرڈ انس مارکیٹ ربوہ۔ فون ۵۳۵